4th India-New Zealand Foreign Ministry Consultations

June 23, 2022

ہندوستان- نیوزی لینڈ کے مابین وزارت خارجہ کی چوتھی مشاورت

23 جون، 2022

ہندوستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان وزارت خارجہ کی چوتھی مشاورت 23 جون 2022 کو نئی دہلی میں منعقد ہوئی۔ جناب سوربھ کمار، سکریٹری (مشرق) نے ہندوستانی وفد کی قیادت کی جبکہ نیوزی لینڈ کی طرف سے وزارت خارجہ اور تجارت میں امریکہ اور ایشیا گروپ کے ڈپٹی سکریٹری جناب مارک سنکلیئر نے کی۔

2۔ موجودہ گرمجوشی اور دوستانہ دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیتے ہوئے، جن میں تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع اور سلامتی، عوام سے عوام کے تعلقات، انسداد دہشت گردی، سائبر سیکورٹی اور تخفیف اسلحہ شامل ہیں، دونوں فریقین نے مختلف شعبوں میں روابط کو مزید بڑھانے اور گہرا کرنے کی خواہش کا اظہار کیا۔

3۔ وزارت خارجہ کی مشاورت نے باہمی دلچسپی کے عصری علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کا موقع فراہم کیا۔ خطے میں قریبی تعاون کی ضرورت کو اجاگر کرتے ہوئے، دونوں فریقین نے آزاد، کھلے، جامع اور مستحکم ہند- بحر الکاہل کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ علاقائی اور کثیر جہتی فورمز پر رابطہ کاری کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر بھی بات چیت ہوئی۔

نئی دہلی

23 جون، 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.